© rasailojaraid.com



ناشر: مکتبہ خدام اہلسنت والجماعت، مدرسہ حیات النبیؐ، محلہ حیات النبیؐ گجرات شہر،
کتابت و طباعت: معیاری
صفحات: ۲۹۶
قیمت: ۴۰ روپے

مولانا رشید احمد گنگوہیؒ دارالعلوم دیوبند کی جماعت کی وہ نابغہ روزگار شخصیت ہیں جن کا احترام تمام علمی حلقوں میں محسوظ رکھا جاتا ہے بعض کم فہم حضرات نے ان پر یہ الزام لگایا ہے کہ انہوں نے مرزا قادیانی لعین پر فتویٰ کفر صادر کرنے سے گریز کیا، عرصہ ہوا ہمارے فاضل دوست مولانا حافظ عبدالحق خان بشیر نے فتویٰ امام ربانی بر مرزا غلام احمد قادیانی کے نام سے اس الزام کا تحقیقی اور مدلل جواب لکھا تھا جس کے جواب میں ملزمین نے مطرقۃ الحدید کے نام سے ایک کتاب شائع کی۔ پیش نظر تصنیف اسی کتاب کے مضامین کے رد میں رکھی گئی ہے ہماری رائے میں انداز بیان میں نرمی اور کثرت اشعار سے گریز مناسب تھا۔

# کشکولِ معرفت

تالیف: مولانا عبدالقیوم حقانی
ناشر: مؤتمر المصنفین دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک ضلع پشاور۔
کتابت و طباعت: عمدہ
صفحات: ۱۱۰
قیمت: ۲۴ روپے

مخدوم العلماء حضرت العلام مولانا قاضی محمد زاہد الحسینی صاحب مدظلہ العالی صاحب دل بزرگ، عظیم علمی و روحانی شخصیت اور اکابر علماء دیوبند کی علمی اور روحانی عظمتوں کے امین ہیں۔ موصوف پون صدی سے قرآن و حدیث کی خدمت، تصوف و سلوک کی اشاعت اور قومی و ملی خدمات کے مختلف میدانوں میں قابل رشک کام کر رہے ہیں

© rasailojaraid.com